سوال

(257) نماز نہ پڑھنے والے کا نمازیوں کے ساتھ ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر وتر کی جماعت ہو رہی ہو اور قنوت نازلہ کے وقت امام اور منتقدی دونوں ہاتھ اُٹھاتے ہیں لیکن اگر کوئی نماز نہ پڑھ رہا ہو تو کیا وہ بھی بیٹھ کر دعا کے لئے ہاتھ اُٹھا سکتا ہے۔؟ یا یہ بدعت ہے۔؟ اگر یہ بدعت ہے تو اگر کسی کو مسئلے کا پتہ نہ ہو اور وہ انجانے میں ایسا کر لے تو کیا یہ گناہ میں شمار ہو گا اور اس کا کوئی کفارہ بھی ہے یا نہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نماز نہ پڑھنے والے پر نمازیوں کے ساتھ ہاتھ اٹھانا ضروری نہیں ہے، لیکن اگر کوئی شخص اٹھا بھی لیتا ہے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے، یہ بدعت نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد2